DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Q....

Bullet No 1 Dated: 03 JUN 2025 Page No. 15

# CM directs QESCO to ensure supply of electricity

## Says govt committed to equip youth with technical skills

**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Monday directed Quetta Electric Supply Company (QESCO) officials to ensure uninterrupted supply of electricity throughout the province and adopt a comprehensive and effective strategy to immediately remove the shortcomings in the transmission system.

He gave this directive while chairing a high-level meeting of Quetta Electric Supply Company (QESCO) at the Chief Minister Secretariat.

A detailed review of the electricity transmission and distribution system in the province, public complaints, and power development projects in remote areas was taken up during the meeting.

In the meeting, Chief Executive Officer QESCO Syed Yousuf Shah gave a detailed briefing on the problems being faced by QESCO, the current electricity situation and possible solutions.

Addressing at the meeting, Chief Minister Mir Sarfraz Bugti directed QESCO officials to ensure uninterrupted supply of electricity throughout the province and adopt a comprehensive and effective strategy to immediately remove the shortcomings in the transmission system.

He said that QESCO should give top priority to public relief and the complaint system should be made effective in such a way that the complaints of common citizens can be heard and redressed in a timely manner.

The CM gave strict instructions to avoid unnecessary load shedding and unnecessary power outages in the summer and said that providing relief to the public in the summer should be the first responsibility of QESCO.

He stressed on the timely completion of ongoing power development projects in remote and backward areas of the province including Dera Bugti and Bekar and directed that a solid and sustainable plan be made to improve power supply in these areas.

The Chief Minister clarified that the Balochistan government would leave no stone unturned in providing basic facilities to the people and for this purpose, all public sector institutions could have to discharge their responsibilities honestly and dutifully.

Moreover, Chief Minister Sarfraz Bugti on Monday emphasized that the Balochistan government is committed to equipping youth with technical skills and creating dignified employment opportunities.

The chief minister said that the government plans to train 30,000 youth over the next five years, with a goal of enabling them to secure employment abroad.

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti held an important meeting with Chairperson of the National Vocational and Technical Training Commission (NAVTTC), Gulmina Bilal, to discuss vocational education, IT training, and various initiatives aimed at empowering youth in the province.

Highlighting the Balochistan government's commitment to transparency and merit, the chief minister noted that all appointments in the education and health departments have been made purely on merit. "We are ensuring transparency across all technical and vocational institutions under our vision of merit-based governance," he said.

The CM described the youth as the province's most valuable asset and stressed the need to restore their trust in the state. "We are utilizing all available resources to ensure the welfare of our young people," he added.

He further remarked that through vocational education and modern IT training, youth will not only achieve financial independence but will also contribute significantly to national development. NAVTTC Chairperson Gulmina Bilal briefed the chief minister on ongoing NAVTTC programs, particularly those designed for women and marginalized communities. She reiterated NAVTTC's commitment to expanding its activities in Balochistan. Appreciating NAVTTC's efforts, Chief Minister Bugti assured the commission of the provincial government's full support in its mission to empower the youth of Balochistan.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 1 Dated: 03 JUN 2025 Page No. 16

# GoB to train 30,000 in five years for overseas employment: Bugti

**By Our Reporter**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti met with the Chairperson of the National Vocational and Technical Training Commission (NAVTTC), Gul Meena Bilal, on Monday to discuss technical education, IT training, and youth empowerment initiatives across the province.

During the meeting, CM Bugti reiterated his government's commitment to equipping the youth with vocational skills and creating dignified employment opportunities. "The Government of Balochistan is taking concrete steps to empower the youth," he said. "We are determined to train 30,000 young people over the next five years and link them with employment opportunities abroad."

The chief minister emphasized that the current government believes in upholding merit and ensuring transparency across all vocational and technical training institutions. He noted that recent recruitments in the health and education departments have been made strictly on merit, with the aim of promoting competent and deserving youth.

"Youth are our most valuable asset. We are committed to restoring their trust in the state and are utilizing all available resources for their welfare," Bugti added. He stressed that through technical education and modern IT training, young people would not only become economically self-reliant but also play a vital role in the country's development.

NAVTTC Chairperson Gul Meena Bilal briefed the chief minister on ongoing NAVTTC programs, particularly those aimed at women and underprivileged segments of society. She also expressed her commitment to expanding NAVTTC's activities in Balochistan.

CM Bugti appreciated NAVTTC's efforts and assured full support from the provincial government to enhance skill development across the province.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 1 Dated: 03 JUN 2025 Page No. 17

## وفاق نے ترقیاتی بجٹ پر 100 ارب کا کٹ لگا دیا، ایک ہزار ارب روپے کے 118 منصوبے ختم کرنے کا فیصلہ

# بلوچستان حکومت ترقیاتی منصوبوں پر 280 ارب خرچ کرے گی

احسن اقبال

ترقیاتی منصوبوں پر ایک ہزار ارب روپے خرچ کرنے کا پلان، وفاقی حکومت ترقیاتی منصوبوں کیلئے بیرون ملک سے 270 ارب قرض لے گی، چاروں صوبے بھی 802 ارب روپے کا بیرونی قرضہ لیں گے، وفاقی وزیر

**نصف سے زائد بجٹ قرض ادائیگی میں جائیگا، قومی سطح پر ریونیو میں اضافہ کرنا ہوگا، این 25 کراچی کوئٹہ چمن شاہراہ کی تعمیر ہوگی، قومی ترقی میں سب کو اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی، اجلاس سے خطاب**

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ نصف سے زائد بجٹ قرضوں کی ادائیگی میں جائے گا، 118 سے زائد غیر ضروری منصوبے بند کیے ہیں، قومی سطح پر ریونیو میں اضافہ کرنا ہوگا، معاشی چیلنجز کے باعث قومی ترقیاتی بجٹ میں مسلسل کمی ایک بڑا مسئلہ بن چکا ہے، ترقیاتی بجٹ کی رقم رواں سال کے مقابلے میں 100 ارب روپے کم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سالانہ پلان کوآرڈینیشن کمیٹی (اے پی سی سی) کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر خالد مقبول، مختلف وفاقی سیکریٹریز، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، صوبائی حکومتوں کے نمائندے، قومی و صوبائی اداروں کے سربراہان اور دیگر اعلیٰ حکام شریک ہوئے۔ اجلاس میں چیف اکانومسٹ ڈاکٹر امتیاز نے شرکا کو آئندہ سالانہ

بقیہ نمبر41 صفحہ5 پر

ترقیاتی منصوبے، معاشی روڈمیپ اور ترقیاتی اہداف پر تفصیلی بریفنگ دی۔ سالانہ پلان کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس میں بجٹ برائے مالی سال 2025-26 کیلئے اہم معاشی اہداف کی منظوری دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال معاشی شرح نمو کا ہدف 4.2 فیصد مقرر کیا گیا ہے اور ترقیاتی منصوبوں پر ایک ہزار ارب روپے خرچ کرنے کا پلان ہے، صوبے 600 ارب روپے زیادہ خرچ کریں گے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ وفاقی حکومت ترقیاتی منصوبوں کے لیے بیرون ملک سے 270 ارب قرض لے گی، اس کے علاوہ چاروں صوبے بھی 802 ارب روپے کا بیرونی قرضہ لیں گے۔ پنجاب حکومت ترقیاتی منصوبوں پر 1190 ارب خرچ کرے گی، اگلے سال سندھ حکومت نے 887 ارب روپے کا ترقیاتی پروگرام تیار کیا ہے، خیبرپختونخوا کی جانب سے 440 ارب روپے خرچ کرنے کا پلان ہے جبکہ بلوچستان حکومت اگلے سال ترقیاتی منصوبوں پر 280 ارب خرچ کرے گی۔ ذرائع کے مطابق آئندہ سال تعمیراتی شعبے کا گروتھ ریٹ 3.8 فیصد مقرر کرنے کی تجویز ہے۔ شعبہ خدمات کی ترقی کا ہدف 4 فیصد مقرر کیے جانے کا امکان ہے۔ قومی بچت کا 14.3 فیصد، سرمایہ کاری پر لاگت جی ڈی پی 14.7 فیصد ہدف ہوگا۔ اگلے مالی سال کے لئے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کا ہدف 0.4 فیصد ہوگا جب کہ پبلک اونڈ سیکٹر ہدف 3.2 اور نجی سرمایہ کاری کا ہدف 9.8 فیصد ہوگا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے آدھے اخراجات قرضوں کی ادائیگی میں جا رہے ہیں، موجودہ وسائل میں ترقیاتی بجٹ کو بچانا انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔ وہ کئی سے گزشتہ چند برسوں سے مالی چیلنجز کے باعث قومی ترقیاتی بجٹ سکڑ رہا ہے، ہمیں گھمبیر صورتحال کا حل تلاش کرنا ہے۔ ترقیاتی فنڈز میں وسعت وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ عوام صحت، تعلیم، پانی، بجلی اور انفراسٹرکچر میں بہتری کی توقع منتخب حکومتوں سے رکھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ قومی سطح پر ریونیو میں اضافہ کرنا ہوگا، پائیدار ترقی کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ضروری ہے، پاکستان دنیا میں سب سے کم ٹیکس اکٹھا کرنے والے ملک میں شامل ہے، حکومت ٹیکس چوروں کا پیچھا کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا، رواں مالی سال کے لیے ترقیاتی بجٹ 1000 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے، جس میں تمام وزارتوں کے منصوبے شامل کرنا ممکن نہیں تھا۔ بلوچستان کو 250 ارب روپے دیے جائیں گے، ترقیاتی بجٹ کی رقم رواں سال کے مقابلے میں 100 ارب روپے کم ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی بجٹ میں کمی شرح نمو، عوامی مسائل کے حل اور معاشی اہداف کے حصول کے لیے فکر کی صورت میں سامنے آئی ہے۔ احسن اقبال نے اس بات پر زور دیا کہ ٹیکس چوری کی روک تھام اور ٹیکس نیٹ کے پھیلاؤ کے لیے قومی سطح پر مربوط مہم کی ضرورت ہے کیونکہ پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جہاں ٹیکس ریونیو کی شرح کم ترین ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ 118 سے زائد کم ترجیحی یا غیر فعال منصوبے بند کیے جا چکے ہیں جب کہ محدود فنڈز میں صرف اہم قومی منصوبوں کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ پی ایس ڈی پی میں غیر ملکی فنڈنگ والے منصوبے بھی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ قومی نوعیت کے حامل اور پانی کے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی۔ دیامیر بھاشا ڈیم، سکھر حیدرآباد موٹروے، چمن روڈ، قراقرم ہائی وے (فیز ٹو) جیسے بڑے منصوبے قومی اہمیت کے حامل ہیں اور ان کی بروقت تکمیل پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔ بھارت کی دھمکیوں کے بعد دیامیر بھاشا ڈیم کی جلد تعمیر لازم ہوگئی ہے، قراقرم ہائی وے فیز ٹو کے لیے فنڈز مختص کیے جائیں گے، این 25 کراچی کوئٹہ چمن شاہراہ کی تعمیر کی جائے گی، حیدرآباد سکھر موٹروے بھی ترجیحات میں شامل ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اڑان پاکستان پروگرام کے تحت تمام صوبوں میں ورکشاپس کا انعقاد کر کے قومی ہم آہنگی کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ ہمیں احساس ہے کہ وقت کے ساتھ ترقیاتی بجٹ میں اضافہ کرنا ہوگا، نہ کہ اسے مزید محدود کرنا۔ انہوں نے کہا کہ 2018 میں نئے منصوبے شروع کرنے کے بارے میں سوچتے تھے، آج جاری منصوبوں کو محدود کرنے کے حوالے سے مشکل فیصلے کرنے پڑے۔ قومی ترقی میں سب کو اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی۔ اگر کوئی منصوبہ شامل نہ ہوسکا تو پیشگی معذرت۔

Century Express Quetta

# فنی تعلیم کا فروغ ترجیحات میں سرفہرست، زرین مگسی

**جدید تربیت یافتہ افرادی قوت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی طرح ہے**

**نیوٹیک ہنرمند افراد کی تیاری میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، گل مینہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون کلچر و ٹورازم نوابزادہ زرین خان مگسی اور نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کمیشن (نیوٹیک) کی چیئرپرسن گل مینہ بلال احمد نے کہا ہے کہ اکیسویں صدی علم و فن کی صدی ہے جس میں وہی قومیں ترقی کر سکتی ہیں جن کے پاس جدید تربیت یافتہ افرادی قوت ہو، ہنرمند افرادی قوت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، یہ بات انہوں نے بولان اسکاؤٹس ہال میں منعقدہ انٹرنیشنل سرٹیفکیشن ڈسٹری بیوشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، تقریب سے ڈائریکٹر جنرل نیوٹیک (بلوچستان) حسین بخش مگسی، ڈائریکٹر ٹیکنیکل ایجوکیشن عنایت اللہ ترین نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں نیوٹیک کے زیر اہتمام مختلف کیڈرز میں تربیتی کورسز مکمل کرنے والوں میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون کلچر و ٹورازم نوابزادہ زرین خان مگسی اور گل مینہ بلال احمد نے کہا کہ نیوٹیک ملک بھر میں فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں فنی تعلیم کے فروغ کے لئے بی ٹیوٹا کا کردار انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ترجیحات میں فنی تعلیم کا فروغ سرفہرست ہے اور حکومت فنی تعلیم کو ملک کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد سمجھتی ہے، اس شعبے پر وفاق اور صوبائی حکومتیں بھرپور توجہ دے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنرمند افرادی قوت ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے اور نیوٹیک اس ہنرمند افرادی قوت کی تیاری میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 1

Dated: 03 JUN 2025

Page No. 12


## واسا کے تمام ٹیوب ویلز سولر سسٹم پر منتقل کیے جائینگے، سردار کھیتران

**مانگی ڈیم سے کوئٹہ کو پانی کی فراہمی دسمبر تک مکمل بحال کی جائے، صوبائی وزیر کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سردار عبدالرحمن کھیتران کی زیر صدارت واسا کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری پی ایچ ای عمران گچکی، ایڈیشنل سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات وقار الزمان کیانی، اسٹیشن کمانڈر کوئٹہ بریگیڈ کامران سرور، ڈائریکٹر واسا نصیب اللہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں واسا کوئٹہ کا مالی سال 2025-26 کا بجٹ پیش کیا گیا جبکہ ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2024 (25٪ اور 20٪) کی Ex-Post Facto منظوری دی گئی۔ ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں 15 فیصد اضافے اور پولیس اہلکاروں کی واسا میں ڈیپوٹیشن پر تقرری کی بھی منظوری دی گئی۔ سردار کھیتران نے ہدایت کی کہ مانگی ڈیم سے کوئٹہ شہر کو پانی کی فراہمی دسمبر 2025 تک مکمل طور پر بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں جتنا پانی عوام کو دینا چاہیے وہ نہیں دے رہے اور جتنا ریونیو ہمیں ملنا چاہیے وہ بھی نہیں مل رہا۔ انہوں نے بجلی کے بڑھتے نرخوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ واسا کے تمام ٹیوب ویلز کو ہر صورت سولر سسٹم پر منتقل کرنا ہوگا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دنیا بھر میں ترقیاتی منصوبے سولر پر منتقل کیے جا رہے ہیں اور اسی طرز پر بلوچستان میں بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ اجلاس میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ کی آؤٹ سورسنگ اور سولرائزیشن پر فوری ورکنگ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ واسا کے ڈیڈ اسٹاک اور ناکارہ اشیاء کی نیلامی کی اجازت بھی دی گئی۔ وزیر پی ایچ ای نے محکمہ کی کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ "مہینوں کا کام دنوں میں مکمل کیا جائے تاکہ ریونیو بڑھے اور عوام کو بہتر خدمات فراہم ہوں۔"

## سستے اور صحت مند مویشیوں کی فراہمی کے لیے سرکاری منڈی قائم کردی، صوبائی وزیر

**شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر ہماری ٹیمیں مال مویشیوں پر اسپرے کررہی ہیں، فیصل جمالی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عید الاضحی کے موقع پر عوام کو قربانی کے سستے اور صحت مند مویشیوں کی فراہمی کے لئے کوئٹہ میں 5 مویشی منڈیوں کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جبکہ 2 سے 3 مزید منڈیاں قائم کی جائیں گی۔ یہ بات انہوں نے پیر کو کوئٹہ میں پولٹری فارم میں قائم سرکاری مویشی منڈی کے افتتاح کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی، ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر فاروق خان ترین، سپرنٹنڈنٹ پولٹری فارم ڈاکٹر سعید احمد، سپرنٹنڈنٹ ڈیری فارم ڈاکٹر لیاقت علی ساجدی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر فیصل خان جمالی نے کہا کہ محکمہ لائیو اسٹاک ہر سال کی طرح امسال بھی عید الاضحی کے موقع پر شہریوں کو قربانی کے جانوروں کی فراہمی کیلئے صحت مند اور معیاری مویشی فراہم کرنے کے لئے سرکاری منڈی قائم کی ہے جہاں لوگوں 1065 روپے فی کلو کے حساب سے صحت مند مویشی ملیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں سریاب، ہزار گنجی، سبزل روڈ، عالمو چوک، کینٹ اور نواں کلی میں قائم قائم 5 سرکاری منڈیوں میں لائے گئے مال مویشیوں کے اسپرے اور ویکسینیشن کے لئے ڈاکٹرز اور دیگر عملے پر مشتمل ٹیمیں شہر کے داخلی اور چیک پوسٹوں پر موجود ہیں۔ کوئٹہ میں قائم 5 مویشی منڈیوں میں آنے والے جانوروں کی مختلف بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ویکسینیشن اور اسپرے کیا جا رہا ہے شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر ٹیمیں مویشیوں پر اسپرے کررہی ہیں۔ محکمہ لائیو سٹاک نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے لوگوں کو قربانی کے معیاری جانور فراہم کیے جائیں۔

MASHRIQ QUETTA

## پاکستان بدترین معاشی مسائل و مشکلات سے باہر نکل آیا، شعیب نوشیروانی

**صوبائی حکومت تاریخ کا سب سے بڑا بجٹ پیش کریگی کوشش ہے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 100 فیصد فنڈز مختص کیے جائیں، صوبائی وزیر خزانہ**

**معاملات سروسز ڈیلیوری، تنخواہوں، آپریشنل اخراجات ہوں کا دارومدار مالیاتی نظام بجٹ پر ہی منحصر ہوتا ہے، میڈیا سے گفتگو**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان کی تاریخ کا سب سے بڑا بجٹ پیش کریگی بنیادی مسائل کے حل کیلئے کوشش ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کیلئے 100 فیصد فنڈز مختص کیے جائیں، وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں تمام اسٹیک ہولڈرز کی مدد پاکستان بدترین معاشی مشکلات سے نکل آیا، ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدہ پروسس کے ذریعے منظوری سے ہی ترقیاتی منصوبوں پر کام میں تیزی آئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے "اے پی پی" سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا میر شعیب ......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

نوشیروانی نے کہا کہ تمام معاملات کا دارومدار جن کا تعلق سروسز ڈیلیوری سے ہوں، تنخواہوں سے ہوں، آپریشنل اخراجات پر ہوں صوبے کا مالیاتی نظام بجٹ پر منحصر ہوتا ہے، کابینہ مختلف اہداف کا تعین کرتی ہے اور پھر پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرامز میں تمام شعبوں کے حوالے سے اسکیمات شامل کیے جاتے ہیں بلوچستان کی تاریخ کا سب سے بڑا بجٹ پیش کرینگے اس سے قبل بجٹ خسارے میں نہیں تھا گزشتہ سال کا ہمارا بجٹ تقریباً 25 ارب روپے سرپلس تھا اس بار بھی ہماری کوشش ہے کہ سرپلس بجٹ دیں، ماضی میں ہمارا صوبہ خاص کر تنخواہوں کے حوالے سے کرائسز کا شکار رہا، ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ریلیز کے معاملات درپیش آتے تھے لیکن خوش قسمتی ہے کہ اس بار ایسا نہیں ہوا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شرائط لاگو کی تھیں

## بلوچستان کا مسئلہ پیچیدہ، حل کیلئے کثیرالجہتی حکمت عملی کی ضرورت ہے، ظہور بلیدی

**آپریشن بنیان المرصوص کے بعد بھارت بلوچستان میں شرپسند تنظیموں کے فنڈز میں اضافہ کریگا**

**جو لوگ دہشتگردی کا راستہ ترک نہیں کرتے ان کیخلاف کارروائی ہونی چاہیے، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ پیچیدہ لیکن اس کے حل کیلئے کثیرالجہتی حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے، پاکستان کے آپریشن بنیان المرصوص کے بعد بھارت بلوچستان میں شرپسند......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

تنظیموں کے فنڈز میں اضافہ کریگا تاہم وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی بلوچستان کی طرف توجہ سے مسئلہ جلد حل ہوجائے گا بحرانی و پسماندگی کارڈ کے خاتمے کیلئے نوجوانوں کو مواقع، روزگار اور ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کرنے کی ضرورت ہے تاکہ شرپسندوں کے خلاف حکومت اور عوام متحد ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بلوچستان گرینڈ جرگے میں مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والوں نے شرکت کی، وزیر اعظم کا بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کی جلد تکمیل کا اعلان خوش آئند ہے، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی بلوچستان کی طرف توجہ سے یہاں کے مسائل نہ صرف حل ہونگے بلکہ دہشتگردی میں نمایاں کمی آئی ہے، انہوں نے کہا کہ ہر جماعت کا اپنا نقطہ نظر ہے حکومت عوام کی ترجمان کی حیثیت سے ان کی ضرورتوں اور مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھاتی ہے، نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے توسط سے بڑے ترقیاتی منصوبے جو جاری ہیں

MASHRIQ QUETTA

## صوبائی اداروں سے کرپشن کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں، بخت کاکڑ

**پاکستان کو معاشی طور پر مستحکم بنانے میں ضرور کامیاب ہوجائیں گے، صوبائی وزیر صحت**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت صوبائی اداروں سے کرپشن کے خاتمے سمیت دیگر خامیاں دور کرنے کیلئے محنت کررہی ہے حالیہ مثبت معاشی اشاریے حکومتی پالیسیوں کے درست ہونے کا ثبوت ہیں......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

تمام شعبوں میں ادارہ جاتی اصلاحات تیزی سے جاری ہیں پاکستان کو معاشی طور پر مستحکم بنانے میں ضرور کامیاب ہوجائیں گے محکمہ صحت کی بہتری اور عوام کو ویلیز پر تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت تعلیم، صحت سمیت دیگر تمام شعبوں کی بہتری کیلئے تمام تر کاوشوں کو بروئے کار لارہی ہے عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی جائیگی انہوں نے کہا کہ بھارتی قیادت کا بیانیہ امن نہیں، دشمنی کو ترجیح دینے والا ہے، بھارت کا پاکستان کو عدم استحکام کا ذمہ دار ٹھہرانا حقائق سے انحراف ہے حالیہ واقعات سے واضح ہے کہ جنگی جنون اور دھونس بے سود ہیں، بھارت دھمکیوں، غلط بیانی یا طاقت کے ذریعے اپنے مقاصد حاصل نہیں کرسکتا، جنوبی ایشیاء میں پائیدار امن کیلئے سنجیدگی، برداشت اور مسئلے کو سمجھنا ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullot No. 2

Dated: 03 JUN 2025 Page No. 18

# بلوچستان کبھی پاکستان سے الگ نہیں ہوسکتا، عدم استحکام کا ذمہ دار ہندوستان

ترجمان پاک فوج

## بلوچستان پاکستان کی معیشت اور معاشرت میں رچا بسا ہے، بلوچ، سندھی، پختون، پنجابی، کشمیری، بلتی ہم سب بہن بھائی اور اکٹھے ہیں

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان، پاکستان کا حصہ ہے اور کبھی الگ نہیں ہوسکتا جب کہ صوبے میں دہشت گردی کے پیچھے نہ کوئی نظریہ ہے اور نہ ہی کوئی تصور ہے بلکہ یہ صرف بھارت کا اسپانسر شدہ ہے، اس پورے خطے میں عدم استحکام کا ذمہ دار صرف ہندوستان ہے۔ آئی ایس پی آر کے زیر اہتمام ہلال ٹاکس 2025 پروگرام کے دوران اساتذہ سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ بلوچستان پاکستان کی معیشت اور معاشرت میں رچا بسا ہے، بلوچ، سندھی، پختون، پنجابی، کشمیری، بلتی ہم سب بہن بھائی ہیں اور اکٹھے ہیں، ہمیں کوئی ایک دوسرے سے جدا نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جو دہشت گردی ہو رہی ہے، اس کے پیچھے نہ کوئی نظریہ ہے اور نہ ہی کوئی تصور ہے بلکہ یہ صرف بھارت کا اسپانسر شدہ ہے، اس پورے خطے میں عدم استحکام کا ذمہ دار صرف ہندوستان ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ جتنی بلوچ دہشتگردی ہے، اس لیے ہم نے اس کو فتنہ الہندوستان کا نام دیا ہے کیوں یہ ان کو پیسے دیتے ہیں، ان کے لیڈروں کو وہاں پر علاج کرتے ہیں، ان کے پاسپورٹ بناتے ہیں اور ان کی ٹریننگ بھی کرتے ہیں اور اس کے لیے وہ بیس آف آپریشن افغانستان کو استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دراصل یہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کے دشمن ہیں، چونکہ یہ دہشت گرد عوام میں رہتے ہیں، اس لیے بلوچستان کے لوگوں کے ساتھ آتا ہے، انہیں پتا ہے کہ یہاں پر ترقی ہوگئی تو یہاں پر بچوں کے پاس علم، نوکری، روزگار، پیسے اور شعور آجائے گا تو ہندوستان کی موت ہوجائے گی۔

MASHRIQ QUETTA

# بلوچستان پاکستان کا حصہ ہے کبھی الگ نہیں ہوسکتا

ڈی جی آئی ایس پی آر

## خطے میں عدم استحکام کا ذمہ دار صرف بھارت ہے، فتنۃ الخوارج اس کے زرخرید غلام ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

## اپنے ہی لوگوں کو مروا کر لاشیں لئے پھرنے والی خاتون دہشت گردوں کی پراکسی، اس کے نارووے کے ٹکٹ، جلسوں کا خرچہ کون اٹھا رہا ہے

## بھارت کو پاکستان پر حملے کرنے کی ترغیب دینے والوں کے مفروضے مٹی میں مل گئے، عوام اور فوج کے درمیان کوئی نہیں آسکتا، اساتذہ سے گفتگو

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان، پاکستان کا حصہ، کبھی الگ نہیں ہوسکتا، صوبے میں دہشت گردی کے پیچھے کوئی نظریہ ہے نہ تصور، یہ صرف بھارت کا اسپانسر شدہ ہے، خطے میں عدم استحکام

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کا ذمہ دار صرف بھارت ہے، فتنۃ الخوارج اس کے زرخرید غلام ہیں، جلسوں میں اپنے ہی لوگوں کو مروا کر لاشیں لئے پھرنے والی خاتون دہشت گردوں کی پراکسی ہے، اس کے نارووے کے ٹکٹ اور جلسوں کا خرچہ کون اٹھا رہا ہے؟ بھارت کو پاکستان پر حملے کرنے کی ترغیب دینے والے دانشوروں کے مفروضے مٹی میں مل گئے، عوام اور فوج کے درمیان کوئی نہیں آسکتا۔ آئی ایس پی آر کے زیر اہتمام ہلال ٹاکس 2025 پروگرام کے دوران اساتذہ سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ترجمان پاک فوج نے کہا کہ بلوچستان، پاکستان کا حصہ ہے اور کبھی پاکستان سے الگ نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ یہ جو گمراہ قسم کا پروپیگنڈا کیا جاتا ہے کہ بلوچستان کبھی علیحدہ ہوسکتا ہے، بلوچستان کبھی علیحدہ نہیں ہوسکتا ہے کیوں کہ بلوچستان پاکستان کی معیشت اور معاشرت میں رچا بسا ہے، بلوچ، سندھی، پختون، پنجابی، کشمیری، بلتی ہم سب بہن بھائی ہیں اور اکٹھے ہیں، ہمیں کوئی ایک دوسرے سے جدا نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جو دہشت گردی ہو رہی ہے، اس کے پیچھے نہ کوئی نظریہ ہے اور نہ ہی کوئی تصور ہے بلکہ یہ صرف بھارت کا اسپانسر شدہ ہے، اس پورے خطے میں عدم استحکام کا ذمہ دار صرف ہندوستان ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ جتنی بلوچ دہشتگردی ہے، اس لیے ہم نے اس کو فتنہ الہندوستان کا نام دیا ہے کیوں یہ ان کو پیسے دیتے ہیں، ان کے لیڈروں کو وہاں پر علاج کرتے ہیں، ان کے پاسپورٹ بناتے ہیں اور ان کی ٹریننگ بھی کرتے ہیں اور اس کے لیے وہ بیس آف آپریشن افغانستان کو استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دراصل یہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کے دشمن ہیں، چونکہ یہ دہشت گرد عوام میں رہتے ہیں، اس لیے بلوچستان کے لوگوں کے ساتھ آتا ہے، انہیں پتا ہے کہ یہاں پر ترقی ہوگئی تو یہاں پر بچوں کے پاس علم، نوکری، روزگار، پیسے اور شعور آجائے گا تو بھارت کی موت ہوجائے گی۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ اسی طرح کسی سیانوں نے ان کو یہ بھی بتایا تھا کہ آپ حملہ کریں اور پھر دیکھیں یہاں کے دہشت گرد ایسا محاذ کھڑا کریں گے کہ ان کو سمجھ نہیں آئے گی کہ آپ سے لڑیں یا دہشت گردوں سے لڑیں۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ ان کو یہ بھی بتایا گیا تھا کہ آپ حملہ کریں، ان کی حالت ہی کوئی نہیں ہے، نہ ان کے پاس ساز و سامان ہے، نہ یہ لڑ سکتے ہیں، ان کے پاس کوئی چیز نہیں ہے، آپ طاقتور ہیں، ہم ان کو ماریں گے۔ انہوں نے شرکا کو بتایا کہ ایک دانشور نے ان کو یہ بھی کہا تھا کہ آپ حملہ کریں، پاکستان کے ساتھ کون کھڑا ہوگا، نہ سعودی عرب اور نہ ہی امریکا، سب انہیں چھوڑ چکے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated 03 JUN 2025 Page No. 20

## صحبت پور، ریڑھی بانوں کا اے سی کے رویہ کیخلاف احتجاجی دھرنا

**اے سی غریبوں پر ہر وقت بھاری جرمانے عائد کرتا ہے، بلاوجہ تنگ کیا جاتا ہے، مظاہرین**

صحبت پور (این این آئی) صحبت پور شہر کے ریڑھی بانوں کا بازار یونین کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور کے رویے کیخلاف پولیس تھانہ صحبت پور کے سامنے احتجاجی مظاہرہ و دھرنا دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق بازار یونین کے صدر ذاکر حسین جاموٹ نائب صدر عبدالعزیز گولہ کی نگرانی میں بازار کے دکانداروں و ریڑھی بانوں نے اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور کے رویے کیخلاف میں بازار بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

سے پولیس تھانہ صحبت پور تک ریلی اور پولیس تھانہ صحبت پور کے سامنے AC صحبت پور کیخلاف احتجاج کیا اور AC صحبت پور کے نعرے لگائے۔ اس موقع پر مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے ذاکر حسین جاموٹ عبدالعزیز گولہ، برکت علی کھوسہ و دیگر نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ جاتے کا بندہ ہوتے ہوئے ہر وقت غریب ریڑھی بانوں پر رعب جھاڑتا رہتا ہے اور ہر وقت غریبوں پر بھاری بھرکم جرمانے عائد کرتا ہے۔ اس مہنگائی میں جہاں لوگ اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے حیران ہیں تو وہاں ان غریب دیہاڑی دار غریب ریڑھی بانوں سبزی فروٹ فروشوں پر اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور کا پارہ ہمیشہ ہائی رہتا ہے۔ بازار یونین کے عہدیداروں سے میٹنگ کیے بغیر جب اسکی مرضی چاہتا ہے تو ان سبزی فروشوں ریڑھی بانوں پر بھاری جرمانے عائد کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ غریب لوگوں کو ریلیف دینے کے بجائے انکو بلاوجہ تنگ کر رہے ہیں۔ آج بھی انہوں نے ریڑھی بانوں پر بھاری جرمانے عائد کیے جب بازار یونین کا صدر ذاکر حسین جاموٹ ان سے اس حوالے بات کرنے گیا تو اسسٹنٹ کمشنر نے انکو تھانے میں بند کروا دیا جس پر بازار یونین کے سینکڑوں ریڑھی بان ریڑھیاں کامیں بند کرکے تھانے پہنچ گئے۔ انہوں نے صحبت پور کیخلاف احتجاج کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان کمشنر نصیر آباد سے اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور کے فوری طور پر تبادلہ کا مطالبہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر AC صحبت پور کا تبادلہ نہیں کیا گیا تو ہم اپنے احتجاج کا دائرہ وسیع کریں گے۔

## مشکوک وسماج دشمن عناصر کی سرگرمیوں پر نظر رکھی جائے، ایڈیشنل آئی جی پی

**جوان اپنی ڈیوٹی چوکس و جاں فشانی سے کریں رواں ہفتہ بہت اہم ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (ء ن) ہیڈ کوارٹر بدر لائن میں سیکورٹی کے بارے میں اہم اجلاس منعقد کیا گیا جس کی صدارت ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے کی۔ جس میں ڈپٹی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری (ریٹائرڈ) لیفٹیننٹ کمانڈر عطاء اللہ شاہ S1، PSP ہیڈ کوارٹرز، زونل کمانڈر 1-11-IV-III اور A.D اسد اللہ BC ہیڈ آفس کوئٹہ اور دوسرے آؤٹ زون کے زونل کمانڈرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے تمام زونل کمانڈرز کو ہدایات جاری کیں کہ جوانوں کو بریف کریں کہ اپنی ڈیوٹی چوکس و جاں فشانی بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

سے کریں تاکہ عوام عید کی خوشیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور عوام کے تعاون سے ہر مشکوک و سماج دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔ بلوچستان کانسٹیبلری کا اصل مقصد یہ ہے کہ سماج دشمن عناصر کا قلع قمع کرنا ہے۔ عید کی وجہ سے یہ ہفتہ ڈیوٹی کے حوالے سے بہت اہم ہے۔ تمام زونل کمانڈرز، ونگ کمانڈرز اور انچارج اپنے ہیڈ کوارٹرز میں موجود رہیں گے۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے تمام زونل کمانڈرز کو ہدایت کی کہ جوانوں کی ٹرانسفر پوسٹنگ جوانوں کی سہولیات کو دیکھتے ہوئے اپنے زونز میں کریں جس سے جوانوں میں الرٹ ہو کر اپنی ڈیوٹی کرنے کا جذبہ قائم رہے۔ اور حالات و واقعات کے مطابق دوران ڈیوٹی جوانوں کی سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام وہ سہولیات دی جائیں جس سے ملازمان کو اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔

## بلوچستان میں عوام اور فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، شاہد رند

**امن کے دشمن بلوچستان کا ماحول خراب کرنا چاہتے ہیں، حملے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا**

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کوئٹہ میں پولیس پر دستی بم حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن کے دشمن بلوچستان کا ماحول خراب کرنا چاہتے ہیں، حملے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، یہاں جاری کردہ ایک بیان میں شاہد رند بقیہ نمبر 54 صفحہ 5 پر

نے کہا کہ واقعہ کی تحقیقات کی جا رہی ہیں اور ہر پہلو سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عوام اور فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

## گولڈ میڈلسٹ کاشف ریحان آج کوئٹہ پہنچیں گے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے کاشف ریحان 27 تا 31 مئی 2025، قزاقستان میں منعقد ہونے والی پہلی ایشین ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ جیت کر گولڈ میڈل حاصل کرنے کے بعد بروز منگل، 3 جون 2025 صبح 8:20 پر بذریعہ پی آئی اے کراچی سے کوئٹہ پہنچ رہے ہیں۔

## کوئٹہ، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کانگو وائرس کی روک تھام کیلئے اقدامات جاری

کوئٹہ (ء ن) عیدالاضحیٰ کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی زیر نگرانی سب ڈویژن سریاب میں قائم ایسٹرن بائی پاس بکرا منڈی میں کانگو وائرس کی روک تھام اور جانوروں کی آمد و رفت کے حوالے سے یومیہ رپورٹ جاری کر دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں آج بکرا منڈی میں بھیڑ 2126، بکری 2317، گائے 459، اور 46 بھینس کل جانور 4984 لائے گئے اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اور محکمہ لائیو اسٹاک کے تعاون سے کانگو وائرس سے بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

بچاؤ کے لیے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جن میں اسپرے، جانوروں کی سکریننگ اور صفائی کے خصوصی انتظامات شامل ہیں۔

Century Express Quetta

## سرکٹ ہاؤس تربت میں کھلی کچہری لگائی گئی

**ڈی سی کیچ، کمانڈنٹ مکران سکاؤٹس سمیت متعلقہ محکموں کے افسر شریک**

**عوام کی شکایات کا جائزہ، متعدد پر کارروائی، یقین دہانی بھی کرائی گئی**

تربت (ء ن) ضلعی انتظامیہ کیچ اور فرنٹیئر کور بلوچستان کے باہمی تعاون سے سرکٹ ہاؤس تربت میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری کی صدارت ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے کی، جبکہ کمانڈنٹ مکران اسکاؤٹس بریگیڈیئر فیصل، ڈی پی او کیچ زوہیب محسن، اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد جان بلوچ کے علاوہ محکمہ تعلیم، صحت، مواصلات و تعمیرات، پبلک ہیلتھ، آبپاشی اور واپڈا سمیت دیگر سرکاری اداروں کے افسران بھی شریک تھے کھلی کچہری میں سیاسی جماعتوں کے رہنما، وکلاء، صحافی، تاجر برادری، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور بڑی تعداد میں شہریوں نے شرکت کی اور مقامی سطح پر درپیش مختلف نوعیت کے مسائل حکام کے سامنے رکھے شہریوں نے بجلی کی طویل بندش، تعلیمی اداروں کی زبوں حالی، صحت مراکز کی ناقص کارکردگی، سرحدی تجارت میں حائل رکاوٹوں، آبپاشی کے مسائل اور ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر جیسے اہم امور پر توجہ دلائی۔ اس دوران متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے متعدد شکایات پر موقع پر ہی کارروائی کی اور بہت سے مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔

CamScanner

## پرانے درختوں کو ملین ٹری پروگرام کا حصہ ظاہر کرنے پر PAC کا اظہار افسوس

## مسافروں کی جان و مال اور ریلوے اثاثوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے، آئی جی ریلوے پولیس

محنت اور لگن سے کام کرنے والے افسران اور جوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے گی

## بلوچستان کی ترقی و خوشحالی قومی ذمہ داری ہے، سیدال خان

نگران ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کی ملاقات، ملک کی مجموعی معاشی صورتحال پر گفتگو

### صوبائی محکموں میں عید کی تعطیلات 5 تا 8 جون ہوں گی

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق عیدالاضحیٰ کے موقع پر 5، 6، 7 اور 8 جون 2025 (جمعرات سے اتوار) تک صوبے میں عام تعطیلات ہوں گی۔



## بی سی کے جوان جانفشانی سے اپنے فرائض منصبی انجام دیں، کمانڈنٹ

عوام کے پرامن عید کیلئے ہمیں چوکس رہنا ہوگا، جوان اپنی ڈیوٹی بخوبی انجام دیتے ہوئے تمام مشکوک و سماج دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھیں

جوانوں کی سہولیات کو دیکھتے ہوئے ان کی ٹرانسفر پوسٹنگ ان کے اپنے زونز میں کریں، سیکورٹی اجلاس میں تمام زونل کمانڈرز کو ہدایت

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 JUN 2025 Page No: 22

# قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس، زرعی سولرائزیشن سے متعلق بل پر غور

زیر غور بل کا مقصد زرعی صارفین کو سبسڈی والی بجلی سے سولر توانائی پر منتقل کرنا ہے، زابد علی ریکی اصغر رند، فضل قادر مندوخیل

بل میں زرعی صارفین کو دوبارہ بجلی کے روایتی نظام سے منسلک ہونے سے روکنے، اس عمل کو قابل سزا جرم قرار دینے کی تجویز ہے فرح عظیم شاہ، ام کلثوم

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس گزشتہ روز زابد علی ریکی کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا اجلاس میں زرعی سولرائزیشن اور بجلی چوری کی روک تھام سے متعلق بل، 2025 پر تفصیلی غور و خوص کیا گیا اجلاس میں کمیٹی کے اراکین میر اصغر رند، فضل قادر مندوخیل، محترمہ فرح عظیم شاہ اور محترمہ ام کلثوم نے شرکت کی اس موقع پر سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری توانائی واد خان بازئی اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمان اور ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال بھی اجلاس .......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

میں موجود تھے زیر غور بل کا مقصد زرعی صارفین کو سبسڈی والی بجلی سے مرحلہ وار سولر توانائی پر منتقل کرنا ہے تاکہ حکومت پاکستان اور بلوچستان کے مابین طے شدہ سولرائزیشن معاہدوں پر موثر عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے اس بل کے ذریعے زرعی صارفین کو دوبارہ غیر قانونی طور پر بجلی کے روایتی نظام سے منسلک ہونے سے روکنے، بجلی چوری کے خاتمے اور اس عمل کو قابل سزا جرم قرار دینے کی تجویز دی گئی ہے بل میں ان تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے جو سولر نظام کی موثر تنفیذ اور توانائی کے شعبے میں شفافیت کیلئے ضروری ہیں۔ اجلاس کے دوران کمیٹی کے معزز اراکین نے بل کی شقوں پر تفصیلی غور کیا اور اپنی سفارشات پیش کیں اراکین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ یہ قانون صوبے میں توانائی کی پائیداری، سبسڈی کے بوجھ میں کمی اور بجلی کے غیر قانونی استعمال کی روک تھام کیلئے انتہائی اہم ہے قائمہ کمیٹی کی سفارشات کو شامل کرنے کے بعد بل کو منظوری کیلئے صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔

# نیوٹیک نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے چیئرپرسن گل مینہ بلال

آج کے دور میں وہی قومیں ترقی کر سکتی ہیں جن کے پاس جدید تربیت سے لیس افرادی قوت موجود ہو، نوابزادہ زرین خان مگسی

چیئرپرسن نیوٹیک کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے بھی ملاقات، صوبے میں ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کے حوالے سے بات چیت

کوئٹہ (پ ر) نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کمیشن (نیوٹیک) کی چیئرپرسن، محترمہ گل مینہ بلال احمد اور پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون، کلچر و ٹورازم نوابزادہ زرین خان مگسی نے بلوچستان میں فنی تعلیم کے فروغ کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومت کے مشترکہ اقدامات کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اکیسویں صدی علم و فن کی صدی ہے آج کے دور میں وہی قومیں ترقی حاصل کر سکتی ہیں جس کے پاس جدید تربیت سے لیس افرادی قوت ہو، ہنرمند افرادی قوت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز .......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بوائے اسکاؤٹس ہال میں منعقدہ انٹرنیشنل سرٹیفکیشن ڈسٹری بیوشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا چیئرپرسن نیوٹیک نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، بلوچستان کے ہنرمند نوجوانوں، ٹی ٹیوٹا حکام سے بھی ملاقاتیں کیں چیئرپرسن نیوٹیک نے پیر کے روز کوئٹہ میں انتہائی مصروف دن گزارا ان کے اس دورے کا مقصد بلوچستان میں فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے فروغ اور موجودہ صورتحال کا جائزہ لینا تھا اس دورے کے دوران انہوں نے مختلف اہم ملاقاتیں کیں اور ایک بین الاقوامی سرٹیفکیشن ڈسٹری بیوشن تقریب میں شرکت کی تقریب میں نیوٹیک کے زیر اہتمام مختلف کیڈرز میں تربیتی کورسز مکمل کرنے والے نوجوانوں میں اسناد تقسیم کی گئیں اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ گل مینہ بلال احمد کا کہنا تھا کہ نیوٹیک ملک بھر میں فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے

# خلیجی وزارتی کونسل کی بلوچستان میں دہشتگردی، ٹرین حملے کی مذمت

کونسل کے اجلاس میں پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کا خیر مقدم

جنوبی ایشیا میں استحکام اقوام متحدہ کی قراردادوں سے ہی ممکن ہے، اجلاس کے بعد اعلامیہ

ریاض (م ڈ) خلیجی وزارتی کونسل کے 164 ویں اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا، جس میں مارچ میں بلوچستان میں سیکیورٹی تنصیبات اور ٹرین حملے کی مذمت کی گئی۔ کویت سے جاری اعلامیہ کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں پہلگام اور افریقی ممالک کی مساجد پر حملے کی بھی مذمت کی گئی۔ اجلاس کی صدارت کویت کے وزیر خارجہ عبداللہ علی عبداللہ الیحیا نے کی۔ .......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

اعلامیہ کے مطابق خلیجی وزارتی کونسل نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کا خیر مقدم کیا

اعلامیہ کے مطابق خلیج تعاون کونسل نے کشمیر میں یو... ین ملٹری آبزرور کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔

# ایف سی (نارتھ) نے ژوب میں مفت طبی کیمپ منعقد کیا

180 مریضوں کا مفت طبی معائنہ کر کے ادویات فراہم کی گئیں

ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے ضلع ژوب کے نواحی علاقے کلی غوث الدین میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد اس کیمپ میں مجموعی طور پر 180 مریضوں — جن میں 90 مرد، 40 خواتین اور 50 بچے شامل تھے — کا مفت طبی معائنہ کیا گیا اور ادویات فراہم .......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کی گئیں۔ اس اقدام کا مقصد دور دراز علاقوں میں بسنے والے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی طبی سہولیات فراہم کرنا تھا، جہاں صحت کی سہولیات تک رسائی عموماً محدود ہوتی ہے۔ علاقائی عمائدین اور مقامی عوام نے ایف سی بلوچستان نارتھ کی اس انسان دوست کاوش کو بھرپور انداز میں سراہا اور امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی ایسے فلاحی اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 JUN 2025

Page No. 23

گرمی کے باعث عوام اذیت میں مبتلا

# کیسکو عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی، بلوچستان اسمبلی

کیسکو حکام اور عملہ عوام کے نمبرز بلاک کر دیتے ہیں، چند افراد کے بل جمع نہ کرنے کی سزا پورے علاقے کو دینا افسوسناک ہے

**ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی کا اجلاس، کیسکو چیف بھی طلب، بجلی کی غیر منصفانہ تقسیم پر ارکان تحفظات کا اظہار**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے ارکان کا کیسکو کی کارکردگی اور بجلی کی غیر منصفانہ تقسیم پر شدید تحفظات کا اظہار، کیسکو عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، شدید گرم موسم میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، خراب ٹرانسفارمرز، عملے کی عدم دستیابی اور شکایات کو نظر انداز کیے جانے جیسے مسائل نے عوام کو شدید اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے، کیسکو بجلی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اس سلسلے میں عوامی تعاون بلوں کی مکمل ادائیگی بھی ضروری ہے، کیسکو چیف کا موقف، بلوچستان اسمبلی عوامی مفادات کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتی رہے گی، ادارہ جاتی کمزوریوں پر خاموش نہیں رہا جائے گا۔ ڈپٹی اسپیکر کا اظہار خیال۔ ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی جانب سے کیسکو چیف کو بلوچستان اسمبلی طلب کیے جانے کے سلسلے میں پیر کو اجلاس ہوا جس کی صدارت ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے کی۔ اجلاس میں ارکان صوبائی اسمبلی نے کیسکو کی کارکردگی کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ اجلاس میں ارکان بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران، محمد خان لہڑی، لیاقت علی لہڑی، اصغر علی ترین، ملک نعیم خان بازئی، برکت رند، حاجی علی مدد جتک، فضل قادر مندوخیل، اصغر رند، عبیداللہ گورگیج، صمد گورگیج، رحمت صالح بلوچ، جہانزیب مینگل، ہادیہ نواز اور فرح عظیم شاہ نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے تجویز دی کہ واسا کوئٹہ کے واجبات بجلی کے بلوں میں شامل کیے جائیں تاکہ پانی کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے، کیونکہ پانی خریدنا اب عوام کی استطاعت سے باہر ہو چکا ہے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ گرم موسم میں عوام کو کم از کم 16 گھنٹے بجلی فراہم کی جائے، بجلی کی عدم فراہمی پر رابطہ کرنے پر کیسکو حکام اور عملہ عوام کے نمبر بلاک کر دیتے ہیں جو نہ صرف افسوس ناک امر بلکہ ادارے کے غیر سنجیدہ رویے کا واضح ثبوت ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ فنڈز کی دستیابی کے باوجود اپ گریڈیشن نہیں ہو رہی جبکہ ٹرانسفارمرز تاحال خراب ہیں، جس سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی صمد گورگیج نے نشاندہی کی کہ جو لوگ بل ادا کرتے ہیں انہیں بجلی ضرور ملنی چاہیے، یہ ناانصافی ہے کہ چند افراد کی چوری کی سزا پورے علاقے کو دی جا رہی ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ نے کہا کہ لاکھوں روپے کے بل دیے جاتے ہیں، پھر بھی کیسکو بجلی چوری روکنے میں ناکام ہے تو پوری آبادی کو سزا دینا کسی بھی طور درست نہیں۔ جمعیت علمائے اسلام کے رکن اصغر علی ترین نے کہا کہ پشین اور دیہی علاقوں میں طویل لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری برکت رند نے تربت کی صورت حال سے آگاہ ہوئے کہا کہ وہاں لوگ بل جمع کرا رہے ہیں، مگر کیسکو نے بل تقسیم کرنے کے لیے عملہ ہی تعینات نہیں کیا۔ نیشنل پارٹی کے رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ عید قریب ہے اور عوامی مسائل حل ہونے کے بجائے بڑھتے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ خراب ٹرانسفارمرز کی وجہ سے عوام پریشان ہیں وہ اپنے حلقے میں جا کر عوام کو کیا جواب دیں گے۔ جمعیت علما اسلام کے فضل قادر مندوخیل نے ژوب کو کم از کم 16 گھنٹے بجلی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا تاکہ عوام کو کچھ ریلیف مل سکے۔ مسلم لیگ (ن) کے رکن محمد خان لہڑی نے بتایا کہ ان کے حلقے میں دن میں صرف دو اور رات میں چھ گھنٹے بجلی فراہم کی جاتی ہے، حالانکہ وہاں اس وقت موسم شدید گرم ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری ہادیہ نواز نے جعفر آباد کے عوام کی پریشانیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ان علاقوں کو فوری ریلیف دیا جائے۔ پارلیمانی سیکرٹری لیاقت علی لہڑی نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں سنا ہی نہیں جاتا، ہم شہر میں رہتے ہوئے بھی بجلی سے محروم ہیں، عوام کو مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفہ کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا جس میں وزیر برائے محکمہ توانائی بلوچستان زرعی سولرائزیشن اور بجلی چوری کی روک تھام کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 17 مصدرہ 2025ء کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کرنے کی تحریک پیش کریں گے۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم اور محکمہ محنت و افرادی قوت سے متعلق سوالات دریافت اور ان کے جوابات دیے جائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 2

Dated: 03 JUN 2025

Page No. 24


## گوادر: محکمہ لوکل گورنمنٹ و دیہی ترقی کے زیر اہتمام آگاہی سیمینار

### منصوبہ بندی کی بنیاد مقامی کمیونٹی عوام کی شمولیت اچھی حکمرانی کی ضمانت ہے، مقررین

گوادر (ر پ ن) حکومت بلوچستان محکمہ لوکل گورنمنٹ و دیہی ترقی اور گوادر اسمبلائز لیول پراجیکٹ کے اشتراک سے ایک روزہ آگاہی و مشاورتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کا عنوان تھا۔ کمیونٹی لیڈ لوکل گورننس پالیسی، جینڈر ایکوئٹی و ویمن ایمپاورمنٹ پالیسی، اور بلوچستان یوتھ پالیسی۔ ورکشاپ کی مہمان خصوصی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ گل محمد مینگل تھے، جنہوں نے افتتاحی خطاب کیا۔ ورکشاپ میں پروگرام اسپیشلسٹ آصف لہڑی، جینڈر و یوتھ پالیسی کے ریسورس پرسن احمد جان بلوچ، چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل افضل شہزادہ، این آر ایس پی کے نمائندے پیر جان بلوچ، مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمین، وائس چیئرمین، لوکل سپورٹ آرگنائزیشنز اور متعلقہ سرکاری محکموں کے نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ ڈائریکٹر گل محمد مینگل نے کہا کہ مقامی حکومتوں کو گراس روٹ سطح تک مؤثر اور متحرک بنانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ منصوبہ بندی کی بنیاد مقامی کمیونٹی ہونی چاہیے اور عوام کی شمولیت ہی اچھی حکمرانی کی ضمانت ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullot No. 3
Dated: 03 JUN 2025
Page No. 25

# اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کرکے حقوق چھین لیں گے

مولانا ہدایت الرحمن

## صوبے میں تجارت کی بحالی،، بارڈر بندش، امن وعدل کیلئے جمہوری مزاحمت کو منظم بنائیں گے امیر جماعت اسلامی

حکومت صوبے میں عوام کی حفاظت یقینی بنائے بے گناہوں کے قتل کی حمایت کوئی باشعور فرد نہیں کرسکتا' ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کرکے بلوچستان کے حقوق کا حصول ممکن بنائیں گے امرائے اضلاع وذمہ داران اسلام آباد لانگ مارچ کی تیاری شروع کریں بلوچستان کو ساحل ووسائل کی فراہمی، تجارت کی بحالی، لاپتہ افراد کی بازیابی، بارڈر بندش، طاقت کے استعمال کے خاتمے اور امن وعدل کیلئے جدوجہد کو تیز وجمہوری مزاحمت کو منظم بنائیں گے اسلام آباد مارچ میں حکمرانوں کو خواب غفلت سے بیدار کریں گے کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد .........

بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

دھرنا بھی پیش نظر ہے بلوچستان میں بدامنی کی مذمت کرتے ہیں حکومت عوام کی جان ومال کی حفاظت یقینی بنائے بے گناہوں کے قتل کی حمایت کوئی باشعور فرد نہیں کرسکتا مسخ شدہ لاشیں جبری گمشدگیوں اور کاروبار تجارت بندش کی وجہ سے حالات خراب غربت بے روزگاری اور پریشانی میں اضافہ ہوا ہے بجٹ میں ملازمین کے مسائل حل، تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں جماعت اسلامی بلوچستان صوبائی ذمہ داران ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا

## نیشنل ہائی وے این-50 پر پولیس پٹرولنگ بحال کی جائے' پشتونخوامیپ

پولیس پٹرولنگ کی بندش سے کچلاک 'ڈی آئی خان روڈ' پر حادثات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ نیشنل ہائی وے این-50 (کچلاک تا ڈی آئی خان ہائی وے) پر تعینات .........

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کی پٹرولنگ بحال کی جائے بیان میں کہا گیا ہے کہ نیشنل ہائی وے N-50 صوبے کی ایک اہم شاہرہ جو بلوچستان کو پنجاب، خیبرپشتونخواہ اور وفاقی دارالحکومت سے ملاتی ہے۔ دنیا بھر میں ہائی ویز و موٹروے پر محفوظ سفر کے لئے موٹروے پولیس کو نہایت ہی اہم سمجھا جاتا ہے۔ N-50 موٹروے پولیس گزشتہ تین سالوں سے اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ مارچ 2022 میں کچلاک سے مسلم باغ موٹروے پولیس سیکٹر N-50 کے نام سے تعینات کی گئی تھی لیکن پھر چند واقعات کی وجہ سے تقریباً تین مہینوں سے ہائی وے پر پٹرولنگ معطل کردی گئی ہے۔ واضح رہے کہ سیکٹر N-25 جس میں مستونگ سے قلات تک موٹروے پولیس پچھلے دس سال سے زائد عرصے سے اسٹیبلش ہے

## حکومت ملازمین کے جائز حقوق تسلیم کرے' بی این پی' نیشنل پارٹی

حکومت کی ناقص پالیسیوں کے باعث آج ہر طبقہ سراپا احتجاج ہے' غلام نبی مری' اسلم بلوچ

رہنماؤں کا بلوچستان گرینڈ الائنس کے احتجاجی کیمپ کا دورہ' چارٹر آف ڈیمانڈ کی حمایت

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی اور نیشنل پارٹی نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت ملازمین کے مسائل حل کرے اور انہیں اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے سڑکوں پر خوار نہ ہونے دے، حکومت .........

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے ہر طبقہ احتجاج کر رہا ہے ہوش کے ناخن لئے جائیں ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء غلام نبی مری اور نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ میں بات چیت کرتے ہوئے کیا بلوچستان نیشنل پارٹی کے نمائندہ وفد نے غلام نبی مری اور نیشنل پارٹی کے نمائندہ وفد نے صوبائی صدر اسلم بلوچ کی قیادت میں گرینڈ الائنس کے احتجاجی کیمپ کا دورہ کیا اور ملازمین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کو چاہئے کہ وہ گرینڈ الائنس کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر فوری عملدرآمد کرے دونوں جماعتوں نے گرینڈ الائنس کے چارٹر آف ڈیمانڈ کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت حکومت کی ناقص پالیسیوں کے باعث ہر طبقہ مشکلات میں گھرا ہوا ہے حکمران ہوش کے ناخن لے اساتذہ اور دیگر ملازمین کا سڑکوں پر آکر احتجاج حکومت کیلئے لمحہ فکریہ ہونا چاہئے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 JUN 2025 Page No. 26

# نوآبادیاتی سیاسی نظام کے تحت آج بھی ون یونٹ برقرار ہے

لشکری رئیسانی

## ساحل وسائل، معدنی ذخائر پر قبضے اور ماورائے آئین قانون سازیوں نے وسائل سے غنی سرزمین کے لوگوں کی محکومیت میں اضافہ کیا

## سیاسی کارکن، نوجوانوں صوبے کو جدید نوآبادیاتی سیاسی نظام سے نجات دلانے کیلئے جملہ قومی حقوق اور اسمبلی پر متحد ہوکر قومی سیاسی جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں نوآبادیاتی سیاسی نظام کے تحت آج بھی ون یونٹ برقرار ہے ساحل وسائل، معدنی ذخائر پر قبضے اور ماورائے آئین قانون سازیوں نے وسائل سے غنی سرزمین کے لوگوں کی محکومیت میں اضافہ کیا، سیاسی کارکن، نوجوانوں صوبے کو جدید نوآبادیاتی سیاسی نظام سے نجات دلانے کیلئے جملہ قومی حقوق اور اسمبلی پر متحد ہوکر قومی سیاسی جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں، اپنے ایک ویڈیو پیغام میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ آٹھ فروری 2024ء کو الیکشن کے نام پر ہونے والے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

سلیکشن کے نتیجے میں صرف وہی لوگ [illegible] اسمبلی اور سینیٹ کو بلوچستان کے عوام سے کوئی سروکار نہیں ہے اس جدید نوآبادیاتی سیاسی نظام میں جو لوگ اسمبلی میں بیٹھے ہیں وہ لوگ ہی قومی سرزمین کے [illegible] بلوچستان کے جملہ قومی حقوق اور اسمبلی کو [illegible] نشستوں سے نوازا گیا ہے اس سرزمین کے لوگوں کے [illegible] سال ضائع کرنے کیلئے [illegible] اور سیاسی [illegible] انہوں نے کہا کہ [illegible] پر قانون سازی کے ذریعے بلوچستان کے لوگوں کو [illegible] پانی پر قبضے [illegible] آئین قانون سازیوں نے بلوچستان کی محکومیت میں اضافہ کیا ہے [illegible] کے قدرتی وسائل اس صوبے کے لوگوں کے [illegible] اس سرزمین کے لوگ [illegible] کے سرخوں پر [illegible] انہوں نے کہا کہ [illegible] اپنے [illegible] بلوچستان کے حالات حل کرنے [illegible] جعلی [illegible] کی بجائے صوبے کے وسائل کا اختیار صوبے کے لوگوں کے حوالے کرتے۔ انہوں نے کہا کہ [illegible] پارلیمانی نظام سے بلوچستان کے لوگ [illegible] اس صوبے کے لوگوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ جعلی طریقے سے پارلیمان میں جا کر جدید نوآبادیاتی نظام کے تحت قانون سازی کرتے ہیں۔

# بی این پی اور این پی نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے مطالبات کی حمایت کردی

## حکومت ملازمین کے مسائل حل کرے اور ملازمین کو احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے۔ رہنماؤں کی گفتگو

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی اور نیشنل پارٹی نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت ملازمین کے مسائل حل کرے اور انہیں اپنے جائز حقوق کے حصول کے لئے سڑکوں پر خوار نہ ہونے دے، حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے ہر طبقہ احتجاج کر رہا ہے ہوش کے ناخن لئے جائیں ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 5 پر

رہنما غلام نبی مری اور نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے احتجاجی کیمپ میں بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے ایک وفد نے غلام نبی مری اور نیشنل پارٹی کے ایک وفد نے صوبائی صدر اسلم بلوچ کی قیادت میں گرینڈ الائنس کے احتجاجی کیمپ کا دورہ کیا اور ملازمین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ گرینڈ الائنس کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر فوری عملدرآمد کرے۔ رہنماؤں نے گرینڈ الائنس کے چارٹر آف ڈیمانڈ کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت حکومت کی ناقص پالیسیوں کے باعث ہر طبقہ مشکلات میں گھرا ہوا ہے حکمران ہوش کے ناخن لیں اساتذہ اور دیگر ملازمین کا سڑکوں پر آ کر احتجاج حکومت کے لئے لمحہ فکریہ ہونا چاہیے فوری طور پر ملازمین کے مسائل حل کئے جائیں تاکہ وہ بہتر انداز میں اپنی ذمہ داریوں کی فراہمی یقینی بنا سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 03 JUN 2025

Page No. 27

## کوئٹہ: بکرامنڈی میں پولیس پر دستی بم حملہ، ایس ایچ او سمیت 7 زخمی

### موٹر سائیکل سوار فرار، سرچ آپریشن شروع، واقعہ کا ہر پہلو سے جائزہ لیا جا رہا ہے، حکومتی ترجمان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مشرقی بائی پاس بکرا منڈی میں موٹر سائیکل سواروں کا پولیس پر دستی بم حملہ ایس ایچ او ایڈیشنل ایس ایچ او منظور شہید خاتون اور بچی سمیت سات افراد زخمی ہو گئے، پولیس گاڑی کو نقصان پہنچا منڈی میں بھگدڑ مچ گئی۔ ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو طلب کر لیا، پولیس کے مطابق ایس ایچ او منظور شہید تھانہ نور اللہ ایڈیشنل ایس ایچ او کامران لودھی دیگر عملے کے ہمراہ گزشتہ روز مشرقی بائی پاس بکرا منڈی میں ڈیوٹی انجام دے رہے تھے اس دوران موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم افراد پولیس پر دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے۔ بم زور دار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ایس ایچ او نور اللہ ایڈیشنل ایس ایچ او کامران لودھی کانسٹیبل محمد علی، راہگیر خاتون فرزانہ دختر عبدالمبارک، سات سالہ بچی شبانہ دختر جابر خان، فضل محمد ولد فیض محمد اور محمد کریم ولد محمد حسین زخمی ہو گئے، دھماکے سے پولیس گاڑی کو شدید نقصان پہنچا اور منڈی میں بھگدڑ مچ گئی اطلاع ملنے پر پولیس، سیکورٹی فورسز، سی ٹی ڈی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جبکہ ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو طلب کر لیا گیا، پولیس اور سیکورٹی فورسز نے مشرقی بائی پاس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن شروع کر دیا واضح رہے کوئٹہ میں تین روز کے دوران دو بم دھماکوں اور ایک دستی بم حملے میں دو بھائیوں سمیت تین افراد جاں بحق 18 افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ دریں اثنا حکومتی ترجمان شاہد رند نے کوئٹہ میں پولیس پر دستی بم حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن کے دشمن بلوچستان کا ماحول خراب کرنا چاہتے ہیں، حملے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ واقعہ کی تحقیقات کی جاری ہیں اور ہر پہلو سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عوام اور فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

---

INTEKHAB QUETTA

## ڈاکوؤں نے بچوں اور خواتین سے بھی نقدی، زیورات، موبائل چھین لیے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بھی لیویز کے علاقے گچھی میں ڈاکو کی لوٹ مار بچوں اور خواتین کو بھی معاف نہیں کیا گیا ہزاروں روپے نقدی زیورات موبائل فونز و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے لیویز فورس کے مطابق بختیار آباد لیویز تھانے کی حدود گچھی کے مقام پر ڈاکو نے بھاگ سے کوئٹہ جانے والے مسافروں اور خواتین سے لوٹ مار کرتے ہوئے ان سے ہزاروں روپے نقدی زیورات موبائل فونز اور دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے واقع کی اطلاع پر لیویز فورس جائے وقوع پر پہنچ گئی لیویز فورس نے ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی۔

---

MASHRIQ QUETTA

## مستونگ، فائرنگ سے 1 شخص ہلاک، ورثاء کا لاش کے ہمراہ قومی شاہراہ پر دھرنا

### دونوں جانب سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں، مسافر و ٹرانسپورٹروں کو شدید گرمی میں پریشانی کا سامنا

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا ورثاء نے نعش کے ہمراہ قومی شاہراہ کو بلاک کر کے احتجاج ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو گئی اور سڑک کی دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے ظفر کی بائی پاس پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کیا اور فرار ہو گئے ورثاء نے مقتول کی نعش کے قومی شاہراہ پر رکھ کر روڈ بلاک کر دی جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو گئی اور سڑک کی دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں جس سے ٹرانسپورٹروں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

## دالبندین نامعلوم ڈاکوؤں نے مزدا گاڑی روک کر ڈرائیور سمیت 2 افراد کو لوٹ لیا

دالبندین (نامہ نگار) کردی جنگل سے امین آباد کے درمیان دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے دن دھاڑے مزدا گاڑی کو روک کر ڈرائیور سمیت دو افراد کو لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق سراج ڈرائیور اور عبدالستار کشانی نامی شخص، کردی جنگل سے امین آباد جا رہے تھے

---

Century Express Quetta

## طالبہ ماہ جبین کی بازیابی یقینی بنائی جائے، نیاز نیچاری

### جبری گمشدگیوں میں تشویشناک اضافے نے عدم تحفظ کا شکار کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کے خلاف جاری وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کا احتجاج پیر کے روز 5847 ویں روز بھی جاری رہا۔ اس موقع پر تنظیم کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن نیاز نیچاری نے ماہ جبین کو منظر عام پر نہ لانے کی مذمت کی اور مطالبہ کیا کہ بلوچ طالبہ کی بازیابی کو فوری طور پر یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ طالبہ جبری گمشدگیوں میں تشویشناک اضافہ ہوا ہے، بلوچستان کے مختلف علاقوں سے بلوچوں کو ماورائے قانون گرفتاری کے بعد جبری لاپتہ کیا جا رہا ہے جسکی وجہ سے اہل بلوچستان عدم تحفظ کے شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ماہ جبین سمیت تمام جبری لاپتہ بلوچوں کی بازیابی کو یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03 JUN 2025

Page No. 28

# بلوچستان کی ترقی ومسائل کا حل، جائز حقوق کے ذریعے ممکن!

بلوچستان اپنی جغرافیائی اہمیت اور وسائل کے باوجود دہائیوں سے مسائل و مشکلات کا شکار ہے۔ بلوچستان کو درپیش مسائل کو حل کرنے کیلئے ہر دور میں بننے والی حکومتوں نے وعدے اور دعوے کیے مگر مسائل حل ہونے کی بجائے پیچیدہ ہوتے گئے۔ بلوچستان کے اسٹیک ہولڈرز اور وفاق کے درمیان خلیج بھی اس کی ایک بڑی وجہ ہے نیز بلوچستان کے وسائل سے یہاں کے عوام کو محروم رکھنا، وفاقی حکومتوں کی جانب سے فنڈز کی کمی، منصوبوں کی تکمیل میں عدم دلچسپی سمیت دیگر معاملات بھی شامل ہیں۔ بلوچستان کے اسٹیک ہولڈرز اور عوام کے ساتھ مضبوط اعتماد سازی ضروری ہے جبکہ بلوچستان کے وسائل پر مکمل دسترس، منصوبوں سے محاصل، عوامی مفاد سے جڑے اہم منصوبوں کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھانا ضروری ہے۔ موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومت بلوچستان کی ترقی کیلئے پرعزم ہیں اور بہت سے مسائل حل کرنے سمیت اہم منصوبوں کا آغاز بھی کیا گیا ہے جن سے بہتری آرہی ہے۔ ترقی کے اسی عمل کو برقرار رکھتے ہوئے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے گزشتہ روز دورہ کوئٹہ کے موقع پر بلوچستان گرینڈ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ مالی سال میں 1000 ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام میں سے بلوچستان کا حصہ 250 ارب روپے ہوگا۔ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں صوبوں اور وفاقی حکومت کے لیے وفاق سے چلنے والا پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام مجموعی طور پر ایک ٹریلین روپے کا ہوگا اور بلوچستان کو 250 ارب روپے ملیں گے، جو کل پی ایس ڈی پی کا 25 فیصد ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ میرے نزدیک یہ بھی ایک چھوٹی سی رقم لگتی ہے۔ تمام کوشش ہونا چاہیے کہ ترقیاتی پروگرام کے یہ فنڈز شفافیت کے ساتھ خرچ ہوں۔ گوادر، پسنی، چمن، قلعہ سیف اللہ، کوئٹہ، جھل مگسی سمیت دیگر علاقوں میں ان وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے دیانتداری سے استعمال کی جانا چاہیے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں ماضی کے ترقیاتی منصوبوں پر بھی روشنی ڈالی، خاص کر کسانوں کے لیے 70 ارب روپے کے سولر اقدام اور این 25 ہائی وے کی تعمیر پر بات کی۔ گزشتہ ماہ وزیراعظم شہباز شریف نے اعلان کیا تھا کہ بین الاقوامی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا ریلیف صارفین تک پہنچانے کے بجائے حکومت بچتی رقم این 25 ہائی وے کی تعمیر نو اور بلوچستان میں کچھی کینال منصوبے کے فیز ٹو کی تکمیل کے لیے استعمال کرے گی۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ 2010 میں پنجاب نے بلوچستان کو این ایف سی میں 11 ارب روپے دیئے اور جو آج تقریباً 160-155 ارب روپے ہوں گے لیکن قومی یک جہتی کے لیے 1600 ارب روپے بھی زیادہ نہیں ہوں گے۔ بلوچستان کی وسعتیں زیادہ سرمایہ کاری کی متقاضی ہیں۔ بہرحال بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے وفاقی حکومت خاص کر وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے اعلانات خوش آئند ہیں مگر ترقی کے تسلسل کو جاری رکھنے کیلئے صوبے کے آئینی حقوق دینے ضروری ہیں۔ وسائل پر دسترس، میگا منصوبوں سے منافع بھی صوبہ کو ملنا چاہیے جس سے بلوچستان کے بہت سے مسائل خود ہی حل ہوجائینگے۔ وفاق جس طرح دیگر صوبوں کیلئے اہم منصوبے دے رہا ہے اسی طرح بلوچستان کو بھی منصوبے دینے کی ضرورت ہے جو بلوچستان کے عوام کا حق ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

03 JUN 2025

Bullet No. 5 No. 29

# آئندہ بجٹ میں صحت، تعلیم اور بے روزگاری پر خصوصی توجہ!

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے گذشتہ روز ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ آئندہ بجٹ میں صحت، تعلیم اور بے روزگاری پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں پورا صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ وہ وقت دور نہیں جب عوام خوشحال اور نوجوانوں کو روزگار ملے گا۔ آنے والا بجٹ عوام دوست بجٹ بنایا جا رہا ہے تاکہ عوام کی امنگوں کے مطابق سکیمات اور روزگار کے مواقع شامل کیے جا سکیں۔ بجٹ میں صحت، تعلیم اور ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ پیپلز پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں چاروں صوبوں کو ساتھ لے کر چلنے کی بھرپور کوشش کی ہے اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ تعلیم، صحت، روزگار، نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے پر دن رات کام جاری ہے۔ حکومت نہ صرف مدت پوری کرے گی بلکہ ترقی اور روزگار فراہم کرنے میں مثالی رہے گی۔ بلوچستان میں پہلی یوتھ پالیسی بنائی گئی ہے۔ جس میں یوتھ کو پوری دنیا میں انکا ایکسپورٹر بڑھانا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے آئندہ بجٹ میں صحت، تعلیم اور بے روزگاری پر خصوصی توجہ دینے کی جو بات کی ہے اگر اس پر عملی طور پر عمل درآمد کیا جائے تو یہ بالکل احسن اقدام ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ ان ایشوز پر کئی بار بات چیت اور دعوے کیے جانے کے باوجود ان تینوں اہم ایشوز پر کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں ہو سکی۔ محکمہ صحت کے مسائل کے بارے میں اس سے قبل بھی ان ہی سطور میں بار بار ذکر کیا جا چکا ہے لیکن اس محکمے میں اب تک مسائل ختم نہیں ہوئے چونکہ اس اہم محکمے کا تعلق براہ راست عوام سے ہے اس لیے عوام اس سے زیادہ متاثر ہے۔ وہ سرکاری ہسپتالوں میں علاج و معالجہ کی سہولت سے یکسر محروم ہے۔ ان کو مفت ادویات بالکل فراہم نہیں ہو رہیں۔ جو کہ یقیناً ایک بڑا اہم مسئلہ ہے۔ جہاں تک تعلیم کے شعبے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تو اس سلسلے میں موجودہ صوبائی حکومت احسن اقدامات کر رہی ہے۔ اس نے ایسے سکولوں کو فعال کیا ہے جو عرصے سے بند تھے۔ یہاں عارضی طور پر اساتذہ کو بھرتی کیا گیا ہے۔ اس طرح یہ سکول بحال ہوئے ہیں جو کہ قابل تعریف اقدام ہے۔ حکومت کو بے روزگاری کے خاتمے کے لیے بھی احسن اقدامات کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ صوبے میں نوجوانوں کی ایک بہت بڑی تعداد بے روزگار ہے۔ جن کا انحصار سرکاری محکموں پر ہے کیونکہ یہاں پرائیویٹ سیکٹر میں روزگار کے کوئی مواقع نہیں ہیں اس طرح ان کو سرکاری محکموں میں بھی نوکریاں نہیں مل رہیں جس کی وجہ سے وہ احساس محرومی کا شکار ہیں۔ البتہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے یوتھ پالیسی کا اعلان قابل تحسین ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی حکومت کو مذکورہ محکموں اور بیروزگاری کے مسئلے کو حل کرنے کیلئے عملی اقدامات کرنے چاہئیں جو کہ ناگزیر ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03 JUN 2025 Page No. 30

# بلوچستان کے لوگوں کے گلے شکوے مل بیٹھ کر دور کئے جا سکتے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کے گلے شکوے مل بیٹھ کر دور کئے جا سکتے ہیں لیکن دہشت گردوں کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ وزیراعظم نے ان خیالات کا اظہار بلوچستان گرینڈ جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور بلوچستان کی قیادت بھی موجود تھی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ترقی، خوشحالی اور بدامنی اکٹھے نہیں چل سکتے، جو لوگ دشمن کے ہاتھوں گئے اور جو بھٹک گئے ان کو واپس لانے کیلئے ہم سب کو مل کر بہترین کاوشیں کرنی چاہئیں۔ آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) میں 25 فیصد حصہ بلوچستان کیلئے رکھا گیا ہے۔ بلوچستان کے عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ 6، 7 اور 10 مئی کو بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو اس کے جواب میں افواج پاکستان نے بہادری اور دلیری کے ساتھ دشمن کو وہ شکست دی جس کو وہ عمر بھر یاد رکھے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان اور دوسرے صوبوں کے بھائیوں اور بہنوں کا بھی ممنون ہوں کہ پاکستانی قوم یکجان ہو کر افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہوئی۔ بطور وزیراعظم تمام واقعات کا عینی شاہد ہوں، میں بلاخوف تردید بتانا چاہتا ہوں کہ یہ [illegible] جنگ تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دلیرانہ، دانشمندانہ اور منظم قیادت کے تحت افواج پاکستان نے یہ جنگ جیت کر نہ صرف قوم کا مان بڑھایا بلکہ ان کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ ہم نے 1971 کا بدلہ لیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دلیرانہ، دانشمندانہ اور منظم قیادت کے تحت افواج پاکستان نے یہ جنگ جیت کر نہ صرف قوم کا مان بڑھایا بلکہ پاکستان کی عظیم کامیابی سے ہم کھڑے ہیں بلکہ پاکستان کے دوستوں کا حوصلہ آسمانوں سے باتیں کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جب ایٹمی قوت بنا تو دنیا نے دیکھا کہ پاکستان نے بھارت کے 5 دھماکوں کے مقابلے میں 6 دھماکے کر کے بھارت کے اوسان خطا کئے۔ گلے شکوے بھائیوں کے ساتھ بیٹھ کر دور کئے جا سکتے ہیں لیکن یہ دہشتگرد خون کے پیاسے ہیں انہیں پاکستان کی ترقی وخوشحالی ایک آنکھ بھی نہیں بھاتی۔ ان لوگوں کے ناپاک ارادوں کو ناکام بنانے کیلئے سب کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے جو غلط اور شکایتیں ہیں مشاورت سے ان کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ 160 ارب کی بجائے اگر 1600 ارب روپے بھی فراہم کرنا پڑے تو وہ بھی کم ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان کے زمینداروں کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان کے ساتھ مل کر 70 ارب روپے کے منصوبے پر کام جاری ہے۔ این 25 جس کو کراچی شاہراہ سے خونی شاہراہ کہا جاتا ہے جس پر آئے روز حادثات میں قیمتی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے، ہماری 10 ماہ کی حکومت میں اس منصوبے کو فنڈنگ بھی دی اور دنیا میں جب تیل کی قیمتیں گریں تو ڈیڑھ سو ارب روپے کے اربوں کا فائدہ پہنچاتے ہوئے این 25 منصوبے کی تعمیر کیلئے لائحہ عمل بنایا گیا۔ آئندہ پی ایس ڈی پی میں اضافی سو ارب روپے کا فنڈ صرف بلوچستان کیلئے ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ وفاقی ترقیاتی پروگرام کا 25 فیصد حصہ بلوچستان کیلئے ہے، یہ یہاں کے لوگوں کا حق ہے۔ میری حکومت میں بلوچستان کے ساتھ معاشی، سماجی ناانصافی کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ سوراب میں جو افسوسناک واقعہ پیش آیا بتایا جائے کہ آگ اور پانی اکٹھے چل سکتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ترقی وخوشحالی اور بدامنی اکٹھے نہیں چل سکتے، ہمیں آپس میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنا ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 03 JUN 2025 Page No. 31

# The Grand Jirga

Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif's recent address at the Grand Jirga in Quetta has once again brought the issues of Balochistan to the forefront of national discourse. His fervent speech, laden with commitments of significant federal funding and a renewed focus on development, offers a glimmer of hope for a province long plagued by poverty, underdevelopment, and a sense of neglect. However, as history has shown, the real challenge lies not in making promises, but in their consistent and transparent implementation. The Prime Minister's announcements are indeed substantial. The allocation of Rs 70 billion for solarisation projects, Rs 150 billion for the vital N25 highway, and a staggering 25% (Rs 250 billion) of the Public Sector Development Programme (PSDP) for Balochistan this year, are commendable steps. The pledge to acquire these funds from savings due to lower international petroleum prices is a novel approach, though its sustainability will depend on global market fluctuations. Furthermore, his emphasis on transparency in spending "every penny" is crucial, given the historical issues of misappropriation and lack of accountability that have hindered development in the past. Balochistan, despite being Pakistan's largest province and immensely rich in mineral resources like oil, gas, copper, and gold, remains the most impoverished. This paradox is a stark reminder of the systemic failures that have prevented its people from benefiting from their own land's wealth. The consistent trend of leaders making grand promises upon securing office, only to forget them once the initial fervor subsides, has fostered deep-seated cynicism among the Baloch people. This time, the Prime Minister needs to break this cycle of broken promises. The focus on infrastructure, particularly the construction of highways, is vital for connecting remote areas, facilitating trade, and improving accessibility. Equally important is the creation of sustainable job opportunities for the province's youth. Addressing the core issues of poverty requires not just handouts, but empowering the local population through education, skill development, and avenues for economic participation in their own resource-rich province. Prime Minister Shehbaz Sharif's commitment to Balochistan in the Grand Jirga is a positive sign. The announced funds and projects offer a fresh opportunity to address the province's long-standing grievances. However, the true measure of this government's commitment will be in its ability to translate these promises into concrete realities, fostering trust, ensuring transparency, and genuinely empowering the people of Balochistan to benefit from their rightful share of national resources and development. Only then can a new, prosperous dawn truly break over this vital province.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 03 JUN 2025 Page No. 32


# بلوچستان کے مسائل کیسے حل ہوں گے!

بلوچستان ایک طرف معاشی، سماجی ناانصافیوں کا شکار ہے تو دوسری جانب بھارت دراندازی کر رہا ہے، اس کے باعث ہی بلوچستان کے حالات خراب سے خراب تر ہوتے جا رہے ہیں، ہر دور حکومت میں بلوچستان کے مسائل کے تدارک کا بیڑا اُٹھایا جاتا ہے، مگر اس بیڑے کو کنارے نہیں لگایا جاتا ہے، بلوچستان کے مسائل کو جب تک ان کے حقیقی نمائندوں کی مشاورت سے حل نہیں کیا جائے گا، یہ معاملات ایسے ہی اُلجھے رہیں گے، وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ اس بار بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا حل اجتماعی طور پر مذاکرات کے ذریعے تلاش کیا جائے گا، بلوچستان کے لوگوں کو ہی بات چیت کے ذریعے شکایات کے ازالے کی مکمل دعوت دیتے ہیں اور بلوچستان کے لوگوں سے ہی جاننا چاہتے ہیں کہ کیا اس خلا کو آپ کی تجاویز سے پر کیا جا سکتا ہے؟

اگر دیکھا جائے تو بلوچستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی اور عوام میں پائی جانے والی بے چینی کا سلسلہ عشروں سے جاری ہے، اس کے تدارک کیلئے سیاسی و عسکری قیادت کی جانب سے سنجیدہ پیش رفت کی ضرورت رہی ہے، لیکن بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے کبھی یکجہتی سے کوئی سنجیدہ پیش رفت کی گئی نہ ہی اس بار کی جا رہی ہے، بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے بار بار جرگے بلائے جاتے ہیں، مگر ان جرگوں میں عوام کی قیادت کے بجائے اپنے ہی حواریوں کو شامل کیا جاتا ہے اور باور کرایا جاتا ہے کہ بلوچستان کے محروم طبقوں کی نمائندگی ہو رہی ہے، جبکہ یہ سب کچھ حقائق سے برعکس کیا جا رہا ہے، یہ جرگہ نہیں، ایک میٹنگ ہوتی ہے، اس کو ہی جرگے کا نام دے دیا جاتا ہے، اس قسم کے جرگوں سے معاملات حل ہوں گے نہ ہی بلوچستان کے احساس محرومی کو دور کیا جا سکے گا۔




اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ ملک میں بار بار آئینی اور جمہوری نظام کے تعطل نے بھی افہام و تفہیم کے ذریعے شکایات کے خاطر خواہ ازالے کی راہ ہموار نہیں ہونے دی ہے، لیکن ہر بار ہی بات چیت کے بجائے طاقت کے بل پر ختم کرنے کی کوشش کی گئی، تاہم اس علاج سے "مرض بڑھتا گیا، جوں جوں اسکی دوا کی"، حالات خراب سے خراب تر جہاں ہوتے گئے، وہیں پاکستان مخالف قوتوں خصوصاً بھارت کو اپنے ایجنٹوں کے توسط سے مقامی آبادی میں نفرت کے بیج بونے اور دہشت گردی کو بڑھانے کیلئے سازگار حالات میسر آتے چلے گئے ہیں، اس کو مثبت طور پر بدلنا اسی طرح ممکن ہے کہ مقامی آبادی شکایات کو کھلے دل سے سنا جائے اور ہر قسم کی حق تلفی کا پوری کشادہ دلی سے ازالہ کیا جائے اور صوبے کے وسائل اور ترقیاتی منصوبوں میں مقامی آبادی کو زیادہ سے زیادہ حصہ دیا جائے، لاپتا افراد کا مسئلہ مستقل طور پر حل کیا جائے کیونکہ کسی قانونی کارروائی کے بغیر ایک شخص کا اچانک اٹھا کر غائب کر دیا جانا اس کے خاندان اور برادری کے سینکڑوں افراد میں ریاست کے خلاف منفی جذبات کو جنم دیتا ہے۔

اس وقت بلوچستان کے عوام کے احساس محرومی کا ازالہ کرنے کے ساتھ ان کے ریاست کے خلاف منفی جذبات کا بھی خاتمہ کرنا ہوگا، اس کیلئے ضروری ہے کہ زمینی حقائق کا ادراک کیا جائے اور مصنوعی جرگوں کے بجائے حقیقی گرینڈ جرگہ بلایا جائے، اس گرینڈ جرگے میں نواب ایاز جوگیزئی، سردار اختر جان مینگل، نوابزادہ گہرام خان بگٹی، نوابزادہ شاہ زین بگٹی، سردار یار محمد رند، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، محمود خان اچکزئی اور نواب اسلم رئیسانی نواب ذوالفقار مگسی، نواب شاہوانی جیسے قدآور شخصیات کو بلایا جائے، اگر ایسے عوامی قائدین نظر انداز ہوگئے یا ان کی شرکت نہیں ہوگی تو اس کو گرینڈ جرگہ نہیں، بلکہ ایک میٹنگ کا نام ہی دیا جائے گا، اس بعد کہا جائے گا کہ وہ بلوچستان کا مسئلہ سیاسی طور پر حل کرنا چاہتے ہیں، اس طرح کی میٹنگ سے بلوچستان کے عوام کو اعتماد میں نہیں لیا جا سکتا ہے، اس میٹنگ میں اکثریت ان لوگوں کی ہوتی ہے، جو کہ اپنے دس گارڈ کے بغیر بازار یا اپنے حلقہ انتخاب میں چکر نہیں لگا سکتے ہیں، اس قسم کے ہاری لوگ کو بٹھا کر فیصلے کئے جائیں گے تو بلوچستان کے مسئلے کبھی حل نہیں ہوں گے۔

یہ اہل ریاست اور اہل حکومت کا کام ہے کہ وہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے تدارک کیلئے بلوچستان کے قدآور عوامی شخصیات کو ہی سامنے لائیں اور اپنے جرگے میں بلائیں، اگر انہیں ایسی شخصیات پسند نہیں ہیں تو بھی انہیں قومی مفاد میں بلایا جائے، کیونکہ بلوچستان میں ایسی ہی شخصیات اپنی کوئی عوامی حیثیت رکھتی ہیں، ان کی ہی ایک آواز پر لاکھوں لوگ اکٹھے ہو سکتے ہیں اور اپنی جان بھی نچھاور کر سکتے ہیں، لیکن اس میں سب سے بڑا مسئلہ ان درباری حضرات کو ہوتا ہے کہ ان قدآور عوامی شخصیات کے آنے سے ان کی اپنی اہمیت ختم ہو کر رہ جاتی ہے، اس لیے انہیں روکا جاتا ہے، ان کے بغیر ہی جرگہ کروایا جاتا ہے، لیکن اس قسم کے جرگوں کے نتائج بھی ویسے ہی نکلتے ہیں، جیسا کہ اس سے پہلے سامنے آتے رہے ہیں۔

یہ سب کچھ ایسے ہی کب تک چلتا رہے گا اور ہم کب تک سراب کے پیچھے بھاگتے رہیں گے، حکومت کو اب محروم بلوچ اور شورش پسندوں کے لیے ایک جامع حکمت عملی تشکیل دینا ہوگی، اس حکمت عملی میں قدآور سیاسی شخصیات کو شامل ہوگا، جو کہ ان سے مذاکرات کی قیادت کریں اور اعتماد سازی کے اقدامات کے نفاذ کو یقینی بنائیں، ان اقدامات میں فوجی آپریشن کی روک تھام، مخصوص علاقوں سے ایف سی کا انخلا، تمام لاپتا بلوچوں کی رہائی اور ماورائے عدالت قتل کیے گئے لوگوں کے لواحقین کو معاوضے کی ادائیگی شامل ہو سکتے ہیں، محض معافی کی پیشکش یا تشدد کو ترک کرنے اور شکایات کے ازالہ کی خالی یقین دہانی یہاں مؤثر ثابت نہیں ہوں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03 JUN 2025

Page No. 33


# بلوچستان میں پلاسٹک کی تھیلیوں پر پابندی


جلیل خان ترین


پلاسٹک کی تھیلیاں، جو کہ دنیا بھر میں ماحولیاتی آلودگی کا ایک بڑا سبب ہیں، اب بلوچستان میں بھی سختی سے ممنوع قرار دی جا چکی ہیں۔ صوبائی حکومت نے یہ فیصلہ قدرتی ماحول کو بچانے اور مستقبل کی نسلوں کو صاف اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے کیا ہے۔ یہ اقدام نہ صرف ماحول دوست ہے بلکہ انسانی صحت کے لیے بھی بے حد ضروری ہے۔

2025 میں عالمی یوم ماحولیات کا مرکزی موضوع "پلاسٹک کی آلودگی کا خاتمہ" (Beat plastic Pollution) ہے۔ اس سال کی میزبانی ساؤتھ کوریا کر رہا ہے' جو ماحولیاتی ٹیکنالوجی اور پائیدار ترقی کے شعبے میں نمایاں کارکردگی رکھتا ہے۔

ادارہ تحفظ ماحولیات نے حال ہی میں پلاسٹک کی تھیلیاں ضبط کی ہیں، اور صوبے بھر میں مزید چھاپے جاری ہیں۔ ادارے کے ڈائریکٹر جنرل محمد ابراہیم بلوچ کی خصوصی ہدایت پر، بلوچستان کو جلد پلاسٹک سے پاک کرنے کی کوششیں تیز کر دی گئی ہیں۔

پلاسٹک کی تھیلیاں نہایت سستی اور آسانی سے دستیاب ہوتی ہیں، لیکن ان کا نقصان اتنا گہرا اور دور رس ہے کہ اسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ تھیلیاں مٹی اور پانی میں گلنے کی صلاحیت نہیں رکھتیں، جس کی وجہ سے یہ زمین اور سمندر دونوں کو آلودہ کرتی ہیں۔ یہ آلودگی جانوروں کی زندگی کو بھی متاثر کرتی ہے، جو اکثر ان تھیلیوں کو خوراک سمجھ کر نگل لیتے ہیں اور موت کا شکار ہو جاتے ہیں۔

بلوچستان حکومت کا یہ فیصلہ خوش آئند ہے اور اس سے نہ صرف ماحولیاتی آلودگی میں کمی آئے گی بلکہ لوگوں میں ماحول دوست عادات کو فروغ ملے گا۔

اب ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام اس فیصلے کی مکمل پاسداری کریں اور اس پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ حکومت کو بھی چاہیے کہ وہ اس فیصلے پر سختی سے عمل کروائے اور ان تمام کاروباری اداروں پر جرمانے عائد کرے جو پلاسٹک کی تھیلیوں کا استعمال جاری رکھیں۔

آج کے جدید دور میں ہمیں اپنی ترجیحات کا ازسرِنو جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ ہمیں سمجھنا ہوگا کہ ہم زمین کے محض کرائے دار ہیں، مالک نہیں۔ اس زمین کو ہماری آنے والی نسلوں کے لیے بچانا اور محفوظ بنانا ہماری ذمہ داری ہے۔

بلوچستان حکومت کا پلاسٹک کی تھیلیوں پر پابندی کا فیصلہ ایک روشن مستقبل کی جانب پہلا قدم ہے۔ یہ وقت ہے کہ ہم سب مل کر اس مہم کا حصہ بنیں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو محفوظ اور صاف رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ اس سلسلے میں ہمیں ماحول دوست متبادل کا استعمال اپنانا ہوگا، جیسے کہ کپڑے یا کاغذ کی تھیلیاں جو نہ صرف قدرتی ماحول کے لیے بہتر ہیں بلکہ ان کی دوبارہ استعمال کی صلاحیت بھی موجود ہے۔

پلاسٹک کی تھیلیاں، جو اپنی کم قیمت اور روزمرہ استعمال کی آسانی کی وجہ سے دنیا بھر میں مقبول ہیں، اب ہمارے ماحولیاتی نظام کے لیے ایک بڑا خطرہ بن چکی ہیں۔ یہ تھیلیاں، جنہیں عام طور پر "شاپر بیگز" کہا جاتا ہے، بڑی تعداد میں استعمال ہوتی ہیں اور پھر ان کا غلط طریقے سے تلف کیا جاتا ہے۔ یہ تھیلیاں مٹی میں تحلیل ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتیں اور سینکڑوں سال تک زمین اور سمندر میں موجود رہتی ہیں، جس کے نتیجے میں نہ صرف زمین کی زرخیزی متاثر ہوتی ہے بلکہ سمندری حیات بھی خطرے میں پڑ جاتی ہے۔

پلاسٹک کی تھیلیاں عالمی ماحولیاتی چیلنجز میں سے ایک بڑا چیلنج ہیں۔ یہ تھیلیاں نہ صرف زمین اور پانی کی آلودگی کا باعث بنتی ہیں بلکہ یہ جنگلی حیات اور انسانی صحت کے لیے بھی مضر ثابت ہو رہی ہیں۔ جانور ان تھیلیوں کو خوراک سمجھ کر نگل لیتے ہیں جس سے ان کے نظام انہضام میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اور اکثر ان کی موت ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ، پلاسٹک کی تھیلیاں جلانے پر بھی مضر کیمیکلز کا اخراج ہوتا ہے، جو فضا کو آلودہ کر کے سانس کی بیماریوں کا باعث بنتے ہیں۔

ان ماحولیاتی چیلنجز کو مدنظر رکھتے ہوئے، بلوچستان حکومت نے صوبے میں پلاسٹک کی تھیلیوں پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلے کا مقصد نہ صرف ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنا ہے بلکہ عوام کو ماحول دوست عادات اپنانے کی ترغیب دینا بھی ہے۔ یہ پابندی صوبائی حکومت کے "گرین بلوچستان" منصوبے کا حصہ ہے، جس کے تحت ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

ساتھ ہی، عوامی شعور بیدار کرنے کے لیے وسیع پیمانے پر آگاہی مہمات چلائی جائیں۔ عوام کو یہ سمجھانا ضروری ہے کہ پلاسٹک کی تھیلیوں کا استعمال نہ صرف ماحول کے لیے نقصان دہ ہے بلکہ یہ ان کی اپنی صحت اور خوشحالی کے لیے بھی مضر ہے۔ اس سلسلے میں میڈیا، تعلیمی اداروں، اور سول سوسائٹی کے کردار کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔

پلاسٹک کی تھیلیوں کے متبادل کے طور پر ماحول دوست اشیاء کا استعمال اپنانا ضروری ہے۔ کپڑے، کاغذ، یا جیوٹ سے بنی تھیلیاں ایسے متبادل ہیں جو نہ صرف ماحول دوست ہیں بلکہ دوبارہ استعمال کی بھی صلاحیت رکھتے ہیں۔ بلوچستان میں مختلف این جی اوز اور ماحول دوست تنظیمیں پہلے ہی سے اس پر کام کر رہی ہیں، لیکن اب حکومت کی جانب سے اس پابندی کے نفاذ کے بعد انہیں مزید تقویت ملے گی۔

پلاسٹک کی تھیلیوں پر پابندی کا ایک اور اہم پہلو اقتصادی فوائد ہیں۔ بلوچستان میں ماحول دوست متبادل تھیلیوں کی پیداوار اور فروخت سے مقامی صنعتوں کو فروغ مل سکتا ہے۔ اس سے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ صوبے کی معیشت کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ پلاسٹک کے متبادل تھیلیوں کی تیاری میں مقامی مواد کا استعمال کیا جا سکتا ہے، جو کہ صوبے کی قدرتی وسائل کی مدد سے ممکن ہے۔

یہ بات واضح ہے کہ بلوچستان حکومت کا پلاسٹک کی تھیلیوں پر پابندی کا فیصلہ ایک خوش آئند قدم ہے، لیکن اس کے ساتھ ہی مستقبل میں مزید اقدامات کی بھی ضرورت ہے۔ دوسرے صوبوں کو بھی اس فیصلے سے سبق سیکھنا چاہیے اور اپنے علاقوں میں ایسے ہی قوانین کا نفاذ کرنا چاہیے۔ اس کے ساتھ ہی، وفاقی حکومت کو بھی چاہیے کہ وہ ملک بھر میں پلاسٹک کی تھیلیوں پر پابندی کے حوالے سے ایک جامع پالیسی تشکیل دے۔

بلوچستان میں پلاسٹک کی تھیلیوں پر پابندی کا نفاذ ایک تاریخی اقدام ہے جو نہ صرف ماحولیاتی تحفظ کی جانب ایک بڑا قدم ہے بلکہ یہ عوام کی صحت اور خوشحالی کے لیے بھی ضروری ہے۔ یہ فیصلہ اس بات کا عکاس ہے کہ ہم اپنے ماحول کی حفاظت کے لیے سنجیدہ ہیں اور ایک صاف، سبز اور محفوظ مستقبل کی تعمیر کے لیے پرعزم ہیں۔ بلوچستان کے عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اس پابندی کا بھرپور ساتھ دیں اور ماحول دوست عادات اپنانے میں پہل کریں تاکہ ہم سب مل کر ایک بہتر اور صاف ماحول کا خواب پورا کر سکیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆


CS CamScanner